33858-ایک شخص کا مال غصب کرنے کے بعد توبہ کرنا چاہتا ہے

سوال

بہت مدت قبل میں کچھ اشخاص کے ساتھ سفر میں تھا جنہیں میں جانتا بھی نہ تھا، ہم نے کرنسی چینج کروانا چاہی توان میں سے ایک شخص نے مجھے کرنسی تبدیل کروانے کے لیے کچھ رقم دی، میں نے وہ رقم لے کر اپنے اہل وعیال پر صرف کردی اور جب اس نے رقم کا مطالبہ کیا تو میں نے دینے سے انکار کردیا، الحمدللہ اب میں توبہ کرچکا ہوں لیکن اس شخص کو جانتا نہیں اور نہ ہی مجھے اس کی رہائش کا علم ہے، اب مجھے کیا کرنا ہوگا؟

پسندیدہ جواب

آپ نے جوکچھ ذکر کیا ہے اگر تو واقعی ایسا ہی ہے تو پھر آپ ایک عظیم گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں، آپ کو اس سے توبہ واستغفار کرنا چاہیے، اور اور پوری جدوجھد اور کوشش کے ساتھ رقم کے مالک کو تلاش کرنا چاہیے اگر تو وہ شخص مل جائے تو اس سے معذرت کرواور اسے مذکورہ رقم ادا کرو، اور اگروہ شخص نہیں ملتا تو اس کے ورثاء تلاش کر کے انہیں یہ رقم ادا کر دیں، اور اگر اس کے ورثاء بھی نہیں ملتے تو پھر یہ رقم اس شخص کی جانب سے اس نیت کے ساتھ صدقہ کردیں کہ اس کا ثواب صاحب مال کو ملے گا، اور اگر بعد میں آپ کو وہ شخص یا اس کے ورثاء مل جائیں تو انہیں سارا واقعہ بتائیں، اگر تو وہ اس پر راضی ہوں تو بہتر اور اگر راضی نہیں ہوتے تو آپ انہیں ان کا حق واپس کریں، اور صدقہ کرنے کا اجرو ثواب آپ کو مل جائے گا.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.